سوال

(275) عصر کی نماز کے بعد نفل نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عصر کی نماز کے بعد نفل نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ اگر آدمی نفل نماز پڑھ سکتا ہے تو دلائل سے ثابت کریں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کے بعد دو رکعت نماز پڑھا کرتے تھے۔ اسی طرح سبب والی نماز بھی عصر کے بعد پڑھ سکتے ہیں۔ مثلاً دخول مسجد کی دو رکعت اور طواف کی دو رکعت۔ عصر کے بعد منع والی احادیث سے یہ نمازیں مستثنیٰ ہیں۔ ۲۳ ۴ ۱۴۲۴ھ

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد04